عزیز طلباء و طالبات السلام علیکم:

یہ داخلہ فارم اگلے سمسٹر کے لئے ارسال کیا گیا ہے۔ آخر میں دیئے گئے شیڈول کے مطابق داخلہ فارم بمعہ فیس بینک میں جمع کروائیں ورنہ داخلہ نہ ہونے کی ذمہ داری آپ پر عائد ہوگی۔ صرف انہی کورسز کا اندارج کریں جن میں داخلہ لینا چاہتے ہیں کورسز کے نام اور کوڈز درست درج کریں۔ یاد رہے پہلے تین سمسٹرز لازمی ہیں اگر آپ کا چوتھا سمسٹر ہے تو فارم پر اپنی پسند کے گروپ کا نمبر اور اس کے کورسز لکھیں۔

یہ فارم صرف وہی طالب علم استعمال کرسکتا ہے جس کا نام فارم کے اوپر درج ہے۔ کوئی دوسرا طالب علم اس فارم کو استعمال کرنے کا مجاز نہیں۔ کورسوں کی تفصیل پچھلے صفحہ پر درج کی گئی ہے۔

**نوٹ:**

1۔ ایک سمسٹر میں ایک پروگرام کے لئے ہی داخلہ فارم جمع کروائیں بصورت دیگر یونیورسٹی تمام داخلے منسوخ کرنے اور فیس ضبط کرنے کی مجاز ہے۔

2۔ نامکمل داخل فارم یا کم فیس جمع کرانے پر داخلہ نہیں ہوگا۔ لہٰذا داخلہ فارم پُر کر کے تمام کوائف کی اچھی طرح جانچ پڑتال کرنے کے بعد داخلہ فارم بینک میں جمع کروائیں۔

3۔ ہر طالب علم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ کہ آغاز سے لے کر سرٹیفکیٹ/ڈگری کے اجراء تک کسی مرحلہ پر کسی بدعنوانی کے ارتکاب یا کسی شرط کے سہواً یا عمداً نظر انداز کردیئے یا ہو جانے پر متعلقہ طالب علم کا داخلہ منسوخ اور فیس ضبط ہو جائے گی اور کسی قسم کا سرٹیفکیٹ یا ڈگری جاری نہیں کی جائے گی۔

4۔ یاد رہے کہ دوران سمسٹر کورس یا پتہ کی تبدیلی ممکن نہیں لہٰذا فارم پُر کرتے وقت پوری سوچ بچار سے کورسز اور پتہ تحریر کریں۔ صرف مخصوص حالات کے پیش نظر کورس کی تبدیلی پہلی امتحانی مشق جمع کروانے کی آخری تاریخ سے پہلے فی کورس -/100 روپے جمع کروانے اور موصول شدہ کتب شعبہ ترسیل کو واپس کرنے کی صورت میں ممکن ہوگی۔

5۔ داخلہ ہو جانے کے بعد طالب علم کی درخواست پر نہ تو داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

6۔ مندرجہ بالا تمام مسائل کے سلسلے میں خط و کتابت اور دیگر معلومات کے لئے مندرجہ ذیل پتہ اور فون نمبروں پر رابطہ کریں۔

7۔ **اپنے نام، ولدیت، پتہ یا دیگر کوائف میں غلطی کی درستگی کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے متعلقہ درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کریں اور ضروری کاغذات کے ہمراہ شعبہ داخلہ کو ارسال کریں۔**


والسلام
ڈپٹی رجسٹرار (اکیڈمک)
فون: 051-9057431-9057433


## ہدایات

☆ متعلقہ بینک برانچ طالب علم سے داخلہ فارم معہ چالان فارم اور فیس وصول کر کے فارم کی کاپی نمبر 4 فیس وصولی کی مہر ثبت کر کے طالب علم کو ثبوت کے طور پر واپس کردے گا۔

☆ مطلوبہ فیس کے علاوہ درج ذیل بینک پوسٹل/ کوریئر چارجز طالب علم کو الگ سے بینک کی برانچ کو ادا کرنا ہوں گے۔ نیشنل بینک آف پاکستان، اسلام آباد برانچ مبلغ -/20 روپے اور کیمپس کے علاوہ بینک برانچ -/35 روپے۔ بینک الفلاح لمیٹڈ، الائیڈ بینک لمیٹڈ -/25 اور فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ مبلغ -/35 روپے فی داخلہ فارم/چالان فارم جبکہ مسلم کمرشل بینک لمیٹڈ -/10 روپے فی داخلہ فارم/چالان فارم

## (میٹرک) سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ سطح کے کورسوں کی تفصیل

دوسرا سمسٹر — **2nd Semester**

| کوڈ نمبر | مضامین | میڈیم | کریڈٹ | فیس |
|---|---|---|---|---|
| 204 | اردو یا | اردو | مکمل | 1135/- |
| 213 | سندھی (صرف صوبہ سندھ کے طلبہ کے لیے) | سندھی | مکمل | |
| 207 | انگلش (پارٹ۔1) Functional English-1 | انگلش | نصف | |
| 247 | جنرل ریاضی (پارٹ-I) | اردو | نصف | |

تیسرا سمسٹر — **3rd Semester**

| کوڈ نمبر | مضامین | میڈیم | کریڈٹ | فیس |
|---|---|---|---|---|
| 203 | جنرل سائنس | اردو | مکمل | 1135/- |
| 221 | انگلش (پارٹ 2) Functional English-2 | انگلش | نصف | |
| 248 | جنرل ریاضی (پارٹ-II) | اردو | نصف | |

چوتھا سمسٹر — **جنرل گروپ 1** — کل فیس **1645/-**

| کوڈ نمبر | ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 260* | Information Technology Basics | انگلش | نصف |
| 222 | عملی غذا اور غذائیت | اردو | نصف |
| 208 | ملبوسات کی تیاری (حصہ اول) | اردو | نصف |
| 210 | ملبوسات کی تیاری (حصہ دوم) | اردو | نصف |

چوتھا سمسٹر — **جنرل گروپ 2** — کل فیس **-/1425 یا -/1645**

| کوڈ نمبر | ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 260* | Information Technology Basics | انگلش | نصف |
| 217 | غذا اور غذائیت | اردو | نصف |
| 200 | گھریلو مصنوعات کی فروخت یا | اردو | مکمل |
| 218 | ابتدائی طبی امداد (حصہ اول) — کورس کوڈ 200 نہ لینے کی صورت میں یہ دونوں کورس لینا ہوں گے | اردو | نصف |
| 220 | ابتدائی طبی امداد (حصہ دوم) | اردو | نصف |

چوتھا سمسٹر — **جنرل گروپ 3** — کل فیس **1645/-**

| کوڈ نمبر | ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 260* | Information Technology Basics | انگلش | نصف |
| 211 | مرغبانی | اردو | نصف |
| 253 | جانوروں کے بنیادی انتظامی امور | اردو | نصف |
| 254 | جانوروں کی پیداوار | اردو | نصف |

چوتھا سمسٹر — **جنرل گروپ 4** — کل فیس **1425/-**

| کوڈ نمبر | ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 260* | Information Technology Basics | انگلش | نصف |
| 256 | سبزیوں کی کاشت | اردو | نصف |
| 257 | پھلوں کی پیداوار | اردو | مکمل |

چوتھا سمسٹر — **جنرل گروپ 5** — کل فیس **1645/-**

| کوڈ نمبر | ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 260* | Information Technology Basics | انگلش | نصف |
| 258 | لیب ٹیکنیکس (کیمسٹری) | اردو | نصف |
| 252 | لیب ٹیکنیکس (فزکس) | اردو | نصف |
| 259 | لیب ٹیکنیکس (حیاتیات) | اردو | نصف |

چوتھا سمسٹر — **جنرل گروپ 6** — کل فیس **1425/-**

| کوڈ نمبر | ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 260* | Information Technology Basics | انگلش | نصف |
| 205 | عربی یا | عربی | مکمل |
| 215 | علم التعلیم | اردو | مکمل |
| 242 | سیرت طیبہ ﷺ (رحمت عالم) | اردو | نصف |

**تاریخ پیدائش، نام اور ولدیت میں درستگی کے لئے کورس مکمل ہونے سے پہلے ہی داخلہ فارم کے ساتھ سکول سرٹیفکیٹ اور "ب فارم" کی تصدیق شدہ کاپی ارسال کریں۔**

داخلہ فارم/فیس جمع کروانے کا شیڈول

یکم اگست 2015ء سے 4 ستمبر 2015ء تک (بغیر لیٹ فیس)

5 ستمبر 2015ء سے 14 ستمبر 2015ء تک (لیٹ فیس -/100 کے ساتھ)

15 ستمبر 2015ء سے 25 ستمبر 2015ء تک (اضافی لیٹ فیس -/200 کے ساتھ)

# شرح فیس

| | |
|---|---|
| فی نصف کورس | -/310 روپے |
| فی مکمل کورس | -/400 روپے |
| ٹیکنالوجی فیس | -/100 روپے |
| کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم کی قیمت | -/15 روپے |

کورس کوڈ 260 کی فیس مبلغ -/600 روپے ہے۔

(ٹیکنالوجی فیس مبلغ -/100 روپے ہر طالب علم کے لیے کورسز کی مجوزہ فیس کے ساتھ ہر سمسٹر میں جمع کروانا لازمی ہے)۔

**نوٹ: فیس بذریعہ بینک ڈرافٹ قابل قبول نہیں ہوگی۔**
**فارم کے ساتھ منسلک چالان فارم/رسید پر متعلقہ بینک کی واضح مہر لگی ہونا ضروری ہے۔**

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں فیس جمع کرانے کا طریقہ کار

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے تمام پروگراموں میں داخلہ لینے کے لئے فیس نیشنل بینک آف پاکستان کی نامزد برانچوں کے علاوہ فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ، مسلم کمرشل بینک، بینک الفلاح لمیٹڈ اور الائیڈ بینک لمیٹڈ کی تمام برانچوں میں جمع کرائی جاسکتی ہے۔ طالب علم داخلہ فارم اور چالان فارم مکمل کر کے بمع فیس ان بینک برانچوں میں جمع کروا کر اس کی وصولی کی رسید حاصل کرے گا۔ متعلقہ بینک داخلہ فارم بمع فیس بروقت اور باحفاظت یونیورسٹی تک پہنچانے کا ذمہ دار ہے۔

**ضروری نوٹ**

سمسٹر خزاں 2015ء سے نئی سکیم آف سٹڈی کے تحت جنرل گروپ کے تمام چھ ذیلی گروپ ختم کردیئے گئے ہیں۔ لہٰذا طلباء و طالبات اپنی خواہش کے مطابق چھ ذیلی گروپ میں سے کسی بھی گروپ کے کورسز منتخب کرسکتے ہیں۔

داخلہ اور کتب نہ ملنے کی صورت میں طلبہ اپنا فارم اور ادا شدہ رسید کی فوٹو کاپی کے ہمراہ **31-12-2015** تک شعبہ داخلہ سے رابطہ کرسکتے ہیں مقررہ تاریخ کے بعد رجوع کرنے پر یونیورسٹی جاری سمسٹر میں داخلہ دینے کی ذمہ دار نہ ہوگی۔